

سُورَةُ الطَّارِقِ
رات کو نمودار ہونے والا
القرآن ٨٦:١-١٧
QuranicQuotes.com



وَٱلسَّمَآءِ وَٱلطَّارِقِ
قسم ہے آسمان کی اور رات کو نمودار
ہونے والے کی۔
القرآن٨٦:٠١
QuranicQuotes.com



وَمَآ أَدْرَىٰكَ مَا ٱلطَّارِقُ
اور تم کیا جانتے ہو کہ وہ رات کو نمودار
ہونے والا کیا ہے ؟
القرآن ٨٦:٠٢
QuranicQuotes.com


ٱلنَّجْمُ ٱلثَّاقِبُ
وہ تارا ہے چمکنے والا
القرآن ٨٦:٠٣
QuranicQuotes.com



إِن كُلُّ نَفۡسٖ لَّمَّا عَلَيۡهَا حَافِظٞ
کوئی جان ایسی نہیں جس پر کوئی
نگہبان نہ ہو۔
القرآن٨٦:٠۴
QuranicQuotes.com



فَلۡيَنظُرِ ٱلۡإِنسَٰنُ مِمَّ خُلِقَ
تو انسان کو غور کرنا چاہیے کہ وہ کس چیز
سے پیدا کیا گیا ہے۔
القرآن٨٦:٠٥
QuranicQuotes.com



خُلِقَ مِن مَّآءٍ دَافِقٍ
وہ پیدا کیا گیا ہے اچھلتے ہوئے پانی سے۔
القرآن٨٦:٠٦
QuranicQuotes.com



يَخْرُجُ مِنۢ بَيْنِ ٱلصُّلْبِ وَٱلتَّرَآئِبِ
جو نکلتا ہے پیٹھ اور پسلیوں کے درمیان سے۔
القرآن ٨٦:٠٧
QuranicQuotes.com


إِنَّهُۥ عَلَىٰ رَجْعِهِۦ لَقَادِرٌ
یقینا وہ اسے لوٹانے پر بھی قادر ہے۔
القرآن ٨٦:٠٨
QuranicQuotes.com


يَوْمَ تُبْلَى ٱلسَّرَآئِرُ
جس دن تمام چھپے ہوئے رازوں کی
جانچ پڑتال ہوگی۔
القرآن٨٦:٠٩
QuranicQuotes.com



فَمَا لَهُۥ مِن قُوَّةٍ وَلَا نَاصِرٍ
تو نہیں ہوگی کسی انسان کے لیے کوئی طاقت
اور نہ ہوگا اس کا کوئی مددگار۔
القرآن ٨٦:١٠
QuranicQuotes.com



وَٱلسَّمَآءِ ذَاتِ ٱلرَّجْعِ
قسم ہے اس آسمان کی جو بارش برساتا ہے
وقفے وقفے سے۔
القرآن ٨٦:١١
QuranicQuotes.com


وَٱلْأَرْضِ ذَاتِ ٱلصَّدْعِ
اور قسم ہے اس زمین کی جو پھوٹ پڑتی ہے۔
القرآن ٨٦:١٢
QuranicQuotes.com



إِنَّهُۥ لَقَوْلٌ فَصْلٌ
یہ (قرآن) ایک جچی تلی بات ہے
القرآن ٨٦:١٣
QuranicQuotes.com


وَمَا هُوَ بِٱلْهَزْلِ
اور یہ کوئی ہنسی مذاق نہیں ہے۔
القرآن٨٦:١۴
QuranicQuotes.com


إِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا
یہ لوگ اپنی سی چالیں چل رہے ہیں
القرآن ٨٦:١٥
QuranicQuotes.com


وَأَكِيدُ كَيْدًا
اور میں بھی اپنی چال چل رہا ہوں۔
القرآن٨٦:١٦
QuranicQuotes.com


فَمَهِّلِ ٱلْكَٰفِرِينَ أَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًۢا
تو کافروں کو مہلت دے انہیں تھوڑے
دنوں چھوڑ دے
القرآن ٨٦:١٧
QuranicQuotes.com